# ۸۔ معاشیات کا تعارف

بتایئے تو بھلا!

| نمبر شمار | تفصیل | اندازاً خرچ |
|---|---|---|
| (۱) | روزانہ کی غذا (ناشتہ، طعام، وغیرہ) | ۶,۰۰۰/- |
| (۲) | کپڑوں کے دو جوڑوں کی خریداری | ۲,۰۰۰/- |
| (۳) | اسکولی سامان کی خریداری | ۵۰۰/- |
| (۴) | دواخانے کا خرچ | ۴۵۰/- |
| (۵) | تفریح | ۵۰۰/- |
| (۶) | موبائل بل | ۱,۰۰۰/- |
| (۷) | پھل سبزی وغیرہ خریدنا | ۱,۰۰۰/- |
| (۸) | سادہ سفر خرچ (بس، ریلوے، رکشا) | ۲,۶۰۰/- |
| (۹) | بجلی کا بل | ۱,۵۰۰/- |
| (۱۰) | سیاحت | ۴,۰۰۰/- |
| (۱۱) | بینک کی قسط | ۳,۰۰۰/- |
| | **کل** | **۲۲,۵۵۰/-** |

فرض کیجیے آپ کے ماہانہ اخراجات مندرجہ بالا کے مطابق ہیں اور ماہانہ آمدنی -/۲۰,۰۰۰ روپے ہے۔ اپنی آمدنی اور اخراجات میں تال میل قائم کرنے کے لیے آپ اس مہینے مندرجہ بالا میں سے کن مدوں کو ترجیح دیں گے؟

اپنی ترجیحات کے مطابق مندرجہ بالا جدول اخراجات کے ساتھ دوبارہ تیار کیجیے اور اس پر اپنی جماعت میں گفتگو کیجیے۔

(ہدایت برائے اساتذہ : طلبہ کی تحریر کردہ ترجیحات کے مطابق ضرورت کے لحاظ سے آمدنی اور اخراجات کے نظم کی وضاحت کیجیے۔)

## جغرافیائی وضاحت

درج بالا سرگرمی پر گفتگو کے ذریعے آپ سمجھ چکے ہوں گے کہ انفرادی یا خاندانی انتظامیہ بنیادی طور پر آمدنی اور اخراجات یعنی معاشی عوامل پر مبنی ہوتا ہے۔ معاشیات کا جنم اسی کے بطن سے ہوا ہے۔

معاشیات کو انگریزی میں Economics کہتے ہیں۔ یہ لفظ یونانی لفظ OIKONOMIA سے بنا ہے جس کے معنی ہیں 'خاندانی انتظامیہ'۔ خاندانی انتظامیہ اور معاشیات میں بہت مماثلت پائی جاتی ہے۔

معاشیات کی وجہ سے ہم وقت، روپیہ، محنت، زمین اور دیگر وسائل کے مؤثر استعمال کو سمجھ سکتے ہیں۔ معاشیات میں مختلف وسائل کے استعمال کے ذریعے عوام کی لامحدود ضروریات کی تکمیل کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ لیونیل رابنس کے بقول، **''لامحدود ضروریات اور محدود، نایاب اور استعمال کے متبادل وسائل کے تال میل کے لیے کی جانے والی انسانی مساعی کے مطالعے کو معاشیات کہا جاتا ہے۔''**

جس طرح کسی خاندان کی معاشی انتظامیہ ہوتی ہے اسی طرح کسی گاؤں، شہر، ریاست، ملک اور دنیا کی بھی معاشی انتظامیہ ہوتی ہے۔

جغرافیائی نقطۂ نظر سے کسی مخصوص خطے کی پیداوار، تقسیم، اشیا اور

خدمات کے استعمال سے متعلق سرگرمیوں کو معیشت کہا جاتا ہے۔ عالمی سطح پر معیشت کی تین اقسام ہیں۔ مندرجہ ذیل جدول ملاحظہ کیجیے۔

**معیشت کی اقسام**


| سرمایہ دارانہ معیشت | اشتراکی معیشت | مخلوط معیشت |
|---|---|---|
| • سرمایہ دارانہ معیشت میں پیداوار کے وسائل کی ملکیت اور انصرام نجی افراد کے ذمے ہوتی ہے۔<br>• سرمایہ دارانہ نظام کا بنیادی مقصد زیادہ سے زیادہ منافع کا حصول ہوتا ہے۔<br>مثلاً جرمنی، جاپان، ریاست ہائے متحدہ امریکہ جیسے ممالک نے سرمایہ دارانہ معیشت اختیار کر رکھی ہے۔ | • اشتراکی معیشت میں پیداوار کے وسائل مشترکہ طور پر سارے معاشرے کی ملکیت ہوتے ہیں یعنی حکومت کی ملکیت ہوتے ہیں۔<br>• سماجی فلاح (مفاد) کا حصول اس معیشت کا بنیادی مقصد ہوتا ہے۔<br>مثلاً چین اور روس جیسے ممالک نے اشتراکی معیشت اختیار کی ہے۔ | • مخلوط معیشت میں عوامی اور خانگی شعبوں کا باہمی وجود ہوتا ہے۔<br>• اس معیشت میں منافع اور سماجی فلاح و بہبود میں موافقت پائی جاتی ہے۔<br>مثلاً بھارت، سویڈن، برطانیہ عظمیٰ نے مخلوط معیشت اختیار کی ہے۔ |

**معیشت کی اہم خصوصیات**




**کیا آپ جانتے ہیں؟**

ایڈم اسمتھ کو معاشیات کا بانی تسلیم کیا جاتا ہے۔ ۱۷۷۶ء میں انھوں نے اپنی کتاب Wealth of Nations میں معاشیات کی تعریف 'املاک کے علم' کے طور پر کی ہے۔



**اسے ہمیشہ ذہن میں رکھیں۔**

- معاشیات ایک اہم سماجی مضمون ہے۔
- زراعت، تجارت، مالیات، نظم و نسق، قانون کے علاوہ ہماری روزمرہ زندگی میں بھی معاشیات کا استعمال بڑے پیمانے پر کیا جاتا ہے۔
- انسان کے سماجی ارتقا میں معاشیات کا کردار غیر معمولی ہے۔

## معیشت کی عالم کاری

موجودہ معاشی پالیسیاں معیشت کو عالم کاری کی جانب لے جارہی ہیں۔ عالمی معیشت کی تیاری کو ہی عالم کاری کہتے ہیں۔ عالمی معیشت سرحدوں سے پرے معیشت ہوتی ہے جس میں قدرتی دولت، منافع،

**خدمات**، سرمایہ، محنت اور تکنالوجی آزادی کے ساتھ ملک کی سرحد سے پرے جاتا ہے۔

عالم کاری یعنی ملک کی معیشت کو عالمی معیشت سے ہم آہنگ کرنا ہے جس میں آزادانہ تجارت ہوتی ہے اور سرمایہ کاری پر سے ہر قسم کی پابندی ہٹالی جاتی ہے۔

## معیشت کی ذمہ داریاں

ہر ملک کا معاشی نظام مختلف ہوتا ہے۔اس کے باوجود معیشت کی اہم ذمہ داریاں متعین ہیں۔معیشت کی چند ذمہ داریاں حسبِ ذیل ہیں۔

- کون سی شے یا جنس کی کتنی پیداوار کے بارے میں فیصلہ کرنا۔
- پیداوار کے لیے درکار اخراجات میں زیادہ سے زیادہ تخفیف کرنا۔
- سماجی اور معاشی انصاف کے اُصولوں پر قومی پیداوار کی تقسیم کرنا۔
- مستقبل کی معاشی ضروریات کی تکمیل کے لیے مناسب پیش بندی کرنا۔
- پیداوار کس کے لیے کی جائے، اس سے متعلق فیصلہ کرنا۔


اس طرح معیشت میں لامحدود ضروریات اور محدود وسائل کے درمیان موافقت پیدا کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

### کیا آپ یہ کر سکتے ہیں؟

فرض کیجیے آپ کسی زراعت کو ترجیح دینے والے ملک کے وزیر مالیات ہیں۔ ملک کی ہمہ جہت ترقی کے لیے پنچ سالہ منصوبہ بنائیے۔

## مشق

**سوال ۱۔ دائرے میں دیے ہوئے سوالیہ نشان کی جگہ مناسب معلومات درج کرکے معیشت کی اقسام کی وضاحت کیجیے۔**




**سوال ۲۔ وضاحت کیجیے۔**

(الف) معیشت کی ابتدا گھر سے ہوتی ہے۔

(ب) بھارت کی معیشت مخلوط نوعیت کی ہے۔

(ج) معیشت کے لحاظ سے دنیا کے ممالک تین اقسام کے ہیں۔

**سوال ۳۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے ایک جملے میں جواب لکھیے۔**

(الف) انفرادی یا خاندانی انصرام کن معاشی عوامل سے متعلق ہوتا ہے؟

(ب) معیشت کی اصطلاح کس یونانی لفظ سے بنی ہے؟

(ج) سرمایہ دارانہ معیشت میں پیداوار کے وسائل کی ملکیت اور ان کا انصرام کس کے پاس ہوتا ہے؟

(د) عالم کاری کا مفہوم بتائیے۔

**سرگرمی:**

(۱) کسی ایک بھارتی ماہرِ معاشیات اور اس کی معاشی خدمات کے بارے میں معلومات حاصل کرکے جماعت میں پیش کیجیے۔

(۲) آپ کے خاندان کی آمدنی اور اخراجات کو ملحوظ رکھتے ہوئے گوشوارہ بنائیے۔

I79ETH